ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((411

20-07-2022

**بہاول پور() پولیس کی گزشتہ وو دنوں میں منشیات فروشوں اورغیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات اورناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج، سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔تھانہ صدر قائمپور، صدر یزمان اورحاصلپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان مقبول، خادم حسین اوراللہ سجاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 110 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ صدر بہاولپور، ڈیرہ نواب اور ہیڈ راجکاں نے منشیات فروش ملزم عمران، ظفر، ثاقب، عاقب، صابر اور شہزاد سے 4360 گرام چرس برآمد کرلی۔تھانہ اوچ شریف، نوشہرہ جدید اور صدر احمد پورشرقیہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان سمیع اللہ، غلام عباس اور عابد کے قبضہ سے 01 عدد بندوق 12 بور، 01 عدد رپیٹر، 01 عدد کاربین 12 بور برآمد کرلیے۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کرلیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ڈپٹی کمشنر بہاولپور کے ہمراہ محرم الحرام کے سلسلہ میں دفتر چیمبر آف کامرس بھاولپور میں منعقدہ امن کانفرنس میں شرکت، سنئیر ارکان چیمبر آف کامرس، انجمن تاجران، امن کمیٹی کے ممبران اور لائسنسداران و منتظمیں جلوس ومجالس کی بڑی تعداد بھی شریک۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((412

20.07.2022

**ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ڈپٹی کمشنر بہاولپور کے ہمراہ محرم الحرام کے سلسلہ میں دفتر چیمبر آف کامرس بھاولپور میں منعقدہ امن کانفرنس میں شرکت، سنئیر ارکان چیمبر آف کامرس، انجمن تاجران، امن کمیٹی کے ممبران اور لائسنسداران و منتظمین جلوس ومجالس کی بڑی تعداد بھی شریک۔**

بہاول پور ( ) تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا کی سربراہی میں چیمبر آف کامرس میں محرم الحرام کے سلسلہ میں انجمن تاجران، لائسنسداران اور امن کمیٹی کے ممبران سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔اس کانفرنس میں صدر چیمبر آف کامرس حافظ محمد یونس، سابق صدور چیمبر آف کانفرنس چوہدری عبدالجبار، شیخ عباس رضا، ممبران امن کمیٹی، ممبران انجمن تاجران، پولیس سرکل آفیسرز و مہتمم تھانہ جات ضلع ہذا اور سول سوسائٹی کے سینئیر رہنماں کی بھی شرکت۔اس موقع پر ڈی پی او بھاولپور عبادت نثار نے کہا کہ محرم الحرام میں مل کر قیام امن کو یقینی بنائیں گے۔محرم کا مہینہ امن، بھائی چارے اور باہمی اتفاق واتحاد کا درس دیتا ہے۔اس مہینے کے تقدس کے پیش نظر ہمیں فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کی بجائے مذہبی ہم آہنگی اور اخوت ومحبت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے تا کہ ملک دشمن قوتوں کو اپنے مذموم اور ناپاک عزائم میں کامیابی حاصل نہ ہو۔ڈی پی او نے مزید کہا کہ جلوس ہائے میں وقت کی پابندی کریں اور جلوس کی بروقت برآمدگی اور اختتام کو یقینی بنائیں۔جلوس کو منظور شدہ روٹ کے علاوہ کہیں اور جانے کی اجازت نہ دی جائے گی۔موجودہ ملکی صورت حال میں امن وامان کو یقینی بنانے کے لئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ بعدازاں محرم الحرام کے سلسلے میں لائسنداران اور منتظمین جلوس ومجالس کے مسائل سنے اور ان کے منصفانہ اور پرامن حل کی یقین دہانی کروائی۔اس موقع پر دیگر مقررین نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس